نادار رجسٹرڈ مہاجرین کے لئے یواین ایچ سی آر کا نقد امداد کا پروگرام

کروناوائرس وبا کی موجودہ صورتحال کو مدنظر رکھتے ہوئے یواین ایچ سی آر، افغان کمشنریٹ برائے مہاجرین اور وزارت سیفران نے ایسے نادار اور کمزور مہاجر خاندانوں کے لئے نقد امداد کا پروگرام شروع کیا ہے، جو اس وبا سے معاشی طور پر متاثر ہوئے ہیں۔ اس پروگرام کے تحت مئی 2020 میں منتخب مہاجر خاندانوں کو یک وقتی نقد امدادی رقم فراہم کی جائے گی۔

مرحلہ 1

اہلیت

مہاجر حکومت پاکستان یا یواین ایچ سی آر کے ساتھ رجسٹرڈ ہوں

مہاجرین کے پاس مندرجہ ذیل دستاویزات میں سے ایک کا ہونا ضروری ہے۔

- Proof of Registration یعنی پی آو آر کارڈ، جس پر معیاد ختم ہونے کی تاریخ 31 دسمبر 2015 درج ہو۔
- یا پی سی ایم سنٹر یعنی رجسٹریشن کارڈ کے ترمیمی مرکز کا جاری شدہ کار آمد ٹوکن ہو۔
- یواین ایچ سی آر مہاجر کارڈ یا یواین ایچ سی آر کا پناہ گزینوں کے لئے جاری کردہ سرٹیفیکیٹ (جو کم سے کم 31 دسمبر 2019 تک مستند ہو)۔

اہل مہاجرین کے لئے ضروری ہے کہ وہ نادار ہونے کے معیار پر پورے اترتے ہوں، اس میں وہ افراد بھی شامل ہیں جو شدید جسمانی یا ذہنی معذوری کا شکار ہیں اور وہ بزرگ افراد جو خاندان کے بغیر رہ رہے ہیں۔

مرحلہ 2

پاکستان پوسٹ سے موبائل پیغام یعنی ایس ایم ایس موصول ہونا

اہل مہاجرین کو پاکستان پوسٹ سے ایک ایس ایم ایس موصول ہوگا۔

یہ ایس ایم ایس براہ راست پاکستان پوسٹ آفس (Pakistan Post Office) سے آئے گا۔

ایس ایم ایس میں ایک حوالہ نمبر اور پاکستان پوسٹ آفس کا پتہ شامل ہوگا۔

ایس ایم ایس میں یواین ایچ سی آر ہیلپ لائن نمبر بھی شامل ہوگا۔

ایس ایم ایس کے مطابق نقد امداد وصول کرنے کے لئے ایس ایم ایس میں درج پاکستان پوسٹ آفس پر جائیں۔

یہ ضروری ہے کہ اہل مہاجر افراد 30 دن کے اندر اپنی نقد امداد وصول کرلیں۔

مرحلہ 3

پاکستان پوسٹ آفس سے نقد وصول کریں

رقم کے حصول کے لئے ایس ایم ایس میں درج پاکستان پوسٹ آفس میں ذاتی طور پر جانا ضروری ہے۔

پوسٹ آفس پر شناخت کی تصدیق کے لئے آپ ایس ایم ایس، شناختی دستاویز (پی او آر کارڈ/ ٹوکن یا یواین ایچ سی آر دستاویز) دکھائیں گے۔

صرف اصل دستاویزات ہی قبول کی جائیں گی۔ کوئی فوٹو کاپیاں قبول نہیں کی جائیں گی۔

آپ کی شناخت کی تصدیق کے بعد، آپ کو نقد امداد دی جائے گی۔

یہ امداد صرف ایک بار فی خاندان 12000 پاکستانی روپے نقد ادا کی جائے گی۔

پاکستان پوسٹ آفس جانے والے تمام مہاجرین کو صحت اور حفاظت کی وجوہ کی بناء پر جسمانی دوری سے متعلق حکومتی قوانین کی پابندی کرنی ہوگی۔

پوسٹ آفس کے اوقات پیر - تا جمعرات صبح 10:00 بجے سے شام 4:00 بجے تک اور جمعہ صبح 10:00 بجے سے 1:00 بجے تک ہیں (رمضان کے دوران)۔

مزید معلومات

صرف غیر معمولی حالات میں، اگر متعلقہ مہاجر پاکستان پوسٹ آفس میں نقد امداد وصول کرنے سے قاصر ہے تو انہیں فوری طور پر یواین ایچ سی آر کی ہیلپ لائن سے رابطہ کرنا چاہیئے۔

پاکستان پوسٹ آفس اہلی مہاجرین کو بذریعہ ایس ایم ایس رابطہ کرے گا۔ اس کے علاوہ رابطے کا کوئی بھی طریقہ استعمال نہیں کیا جائے گا۔

یواین ایچ سی آر اور افغان کمشنریٹ برائے مہاجرین (سی اے آر) یہ خدمات مفت فراہم کر رہا ہے جب کہ پاکستان پوسٹ آفس بھی ان خدمات کے بدلے مہاجرین سے کوئی فیس وصول نہیں کرے گا۔

یواین ایچ سی آر ہیلپ لائن نمبر

خیبر پختون خواہ: 03000544491, 03008585600, 03000544496

بلوچستان: 03337819601, 03331511630

سندھ: 03422704888

اسلام آباد/ پنجاب/ پاکستان کے زیر انتظام کشمیر: 0301 114 2199

یواین ایچ سی آر پروٹیکشن سروس۔ pakisprt@unhcr.org ای میل کریں۔

مذید معلومات کے لئے وزٹ کریں

www.unhcrpk.org

فیس بک UNHCR Pakistan